بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ١٧

## حروف جازمہ

⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv

فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف دو قسم کے ہیں:

(١) وہ حروف جو ایک فعل کو جزم دیتے ہیں۔ [لَمْ ، لمّا،لام امر ، لاء نهی]

(٢) وہ حروف جو دو فعل کو جزم دیتے ہیں۔[إنْ شرطیه، کلم المجازاة]

اِنْ شرطیه : دو فعل پر داخل ہوتا ہے اور دونوں کو جزم دیتا ہے، ایک کو شرط اور دوسرے کو جزا کے عنوان سے۔

* إن شرطیہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جیسے: إنْ تَضْرِبْ أَضْرِبْ۔

جملہ اول کو شرط اور جملہ دوم کو جزا کہتے ہیں،

* إن مستقبل کے لئے آتا ہے، اگرچہ ماضی پر آئے، جیسے: إنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ۔ (جب فعل ماضی پر حرف شرط داخل ہو تو مستقبل کے معنی میں ہو جاتا ہے، لیکن لفظاً عمل نہیں کرتا ہے۔)

⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv

نکتہ: اگر فعل شرط ماضی ہو اور جزا مضارع ہو تو اس صورت میں جزا کو جزم بھی دی جاسکتی ہے اور نہیں بھی۔ان ضربْتنی اضربْک واضربُک۔

جزم دینے کا طریقہ:

(١) حرکت کو حذف کرنا غیر ناقص افعال میں۔

(٢) نون کو حذف کرنا تثنیہ کے تمام صیغہ اور جمع مذکر کے صیغوں میں اور واحد مونث مخاطب میں۔

(٣) واو، الف، یاء کو حذف کرنا ناقص افعال میں۔

⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv ⊕ ImamSadiq.tv